

# ایران میں طبی سیاحت، تجربے، سہولیات اور قدرتی وسائل کا ایک انوکھا امتزاج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران ۔ راولپنڈی

# ایران میں طبّی سیاحت، تجربے، سہولیات اور قدرتی وسائل کا ایک انوکھا امتزاج

ترجمہ: از خانہ فرہنگ ایران، راولپنڈی

# فہرست


| نمبر شمار | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | ایران میں طبّی سیاحت کے فوائد | ۹ |
| ۲ | طبّی ساز و سامان | ۱۰ |
| ۳ | فاضل، ماہر اور حاذق ڈاکٹرز کی موجودگی | ۱۱ |
| ۴ | مناسب خدمات | ۱۲ |
| ۵ | جدید ترین علاج | ۱۳ |
| ۶ | طبّی سیاحت میں ایران کا اعزاز | ۱۴ |
| ۷ | ایران میں طبّی سیاحت کے اہم ترین مقامات، تہران، مشرق وسطی میں دل علاج و معالجے کا مرکز | ۱۵ |
| ۸ | شیراز، مشرق وسطی میں جگر کی پیوند کاری کا مرکز | ۱۷ |
| ۹ | یزد، مشرق وسطی میں بانجھ پن کے علاج کا مرکز | ۱۸ |
| ۱۰ | مشہد، کینسر کے علاج اور اعضا کی پیوند کاری کا مرکز | ۱۹ |
| ۱۱ | ایران کے سرحدی صوبے، سیستان و بلوچستان | ۲۰ |
| ۱۲ | خوزستان، جنوبی خراستان | ۲۱ |
| ۱۳ | ایلام، ہرمزگان | ۲۲ |
| ۱۴ | گیلان، مشرقی آذربایجان | ۲۳ |
| ۱۵ | شمالی خراسان، مازندران | ۲۴ |
| ۱۶ | کردستان، کرمانشاہ، گلستان | ۲۵ |
| ۱۷ | اردبیل، مغربی آذربایجان | ۲۶ |
| ۱۸ | تندرستی اور شفابخش سیاحت | ۲۷ |
| ۱۹ | ایران میں طبّی سیاحت اور نیچر تھراپی کے فوائد، معدنی چشمے | ۲۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ | نمک کے غار اور سالٹ لیک | ۲۹ |
| ۲۱ | بحیرہ کیسپین، خلیج فارس اور بحیرہ عمان کے ساحل، ریگستان | ۳۰ |
| ۲۲ | ابلتے کیچڑ | ۳۱ |
| ۲۳ | روایتی طب (حکمت) | ۳۲ |




حالیہ برسوں میں ایران میں طبّی سیاحت میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ طب کے شعبے میں ترقی اور پیشرفت کے ساتھ سائنس، ٹیکنالوجی کے میدان میں قابل توجہ کامیابیوں کے حصول اور طب کے میدان میں خدمات اور علاج و معالجے نے سائنسی اور طبّی میدان میں ایران کو خطے میں نمایاں مقام دلایا ہے۔

ایران کی برسوں پرانی علمی تاریخ پس منظر، طبّی اخلاقیات، ماہر ڈاکٹروں، سہولیات سے آراستہ ہسپتالوں اور سرجری مراکز کا وسیع نیٹ ورک، جدید ترین طبّی ٹیکنالوجی اور آلات اسی طرح بانجھ پن، ہارٹ سرجری، آنکھوں کی سرجری، کاسمیٹک سرجری، کینسر کی تشخیص اور موثر علاج، دانتوں کے ہر قسم کے علاج اور ٹرانسپلانٹ ایک طرف اور دوسری طرف ایک منفرد امتزاج کے ساتھ خاص جغرافیائی محل وقوع خوشگوار آب وہوا، شاندار قدرتی مناظر شفا بخش قدرتی وسائل سیاحت کی صنعت کی صلاحیتوں کو عروج پر پہنچاتے ہیں جس کے باعث ایران کو دنیا میں طبّی سیاحت کے شعبے میں فعال کردار ادا کرنے والے اور سرکردہ ممالک میں شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

ایرانی ثقافتی ورثہ، سیاحت اور دستکاری کی وزارت، سیاحت کے حوالے سے ملکی پالیسی کے مطابق طبّی سیاحت کیلئے حکمت عملی طے کرنے، صحت کے مختلف شعبوں میں اضافہ کرنے اور سفری و سیاحتی شعبے میں خدمات فراہم کرنے والی اجازت یافتہ کمپنیوں کی تعداد بڑھانے اور اس شعبے کو استحکام اور وسعت بخشنے کیلئے ٹھوس اور طبّی سیاحت کے عالمی مارکیٹ میں ملکی کردار بخوبی اجاگر کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔



## ☆ایران میں طبّی سیاحت کے فوائد:


### ۱۔ طبّی سیاحت


ایرانی طبّی سیاحت ایک بہت ہی بھرپور تاریخی پس منظر کا حامل ہے جو معیاری خدمات، سستی اور ارزاں قیمت کے ساتھ پرکشش اور پر فضا مقامات، متنوع تاریخی، ثقافتی، قدرتی اور تفریحی مقامات کے ساتھ خطے اور دنیا بھر سے طبّی سیاحت میں دلچسپی رکھنے والوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔




## ۲۔ طبّی سازوسامان

ایران ہسپتالوں کے جدید اور ماڈرن طبّی آلات اور میڈیکل انجینئرنگ کی وجہ سے مشہور ہے۔ ایران میں ہسپتال، طبّی مراکز اور خصوصی لیبارٹریز اعلیٰ ترین ٹیکنالوجی اور جدید طبّی ٹیکنالوجی سے لیس اور مجہز ہیں اور ہسپتال کے جدید ترین آلات بشمول امیجنگ، سرجری، انتہائی نگہداشت اور جدید لیبارٹریز امراض کی تشخیص، علاج اور مریضوں کو ہسپتالوں میں داخل کرانے کیلئے ہر ممکن خدمات کی فراہمی میں پیش پیش ہیں۔





## ۳۔ فاضل، ماہر اور حاذق ڈاکٹرز کی موجودگی



ایران تجربہ کار اور ماہر ڈاکٹروں کے لیے جانا جاتا ہے۔ موجودہ دور میں ایرانی ڈاکٹروں کی علمیت اور صحت کے میدان میں ان کی خدمات اس طرح ہیں کہ دنیا بھر سے مریض اپنے مرض کی تشخیص اور علاج کے حوالے سے ایرانی ڈاکٹروں سے براہ راست مشاورت کر کے علاج و معالجے کیلئے ایران سفر کر کے طبّی سہولیات کے بہترین آپشن کو استعمال کر سکتے ہیں۔

ایرانی طبّی ٹیم مریض کی آمد سے لے کر مکمل صحت یابی تک اور اگر ضرورت پڑنے کی صورت میں مریض کے قیام گاہ پر بھی مریض کے ساتھ رہے گی۔

## ٤ ۔ مناسب خدمات

ایران ہیں علاج و معالجے کے لئے آنے والے مریض کو وی آئی پی مریض سمجھا جاتا ہے انہیں ماہر ڈاکٹرز اور ہسپتال ڈھونڈنے اور انتظار میں کھڑے رہنے کی نوبت نہیں آتی بلکہ مریض کے پہنچنے سے پہلے ممکنہ درکار تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاتی ہے۔



## ۵۔ جدید ترین علاج

ایران، سٹیم سیلز میں نمایاں صلاحیتوں کے علاوہ حسن اور علاج جس میں چہرے اور اعضا کی خوبصورتی شامل ہیں، دندان سازی اور علاج، بانجھ پن، سلیم سرجری، آرتھوپیڈکس، دل کی سرجری، امراض چشم، کینسر کی مختلف بیماریوں کی تشخیص اور علاج، ٹشو اور اعضا کی پیوند کاری، نیورو سرجری، ریڑھ کی ہڈی کے مہروں کے علاج سمیت بہت سی دیگر طبّی شعبوں میں خدمات فراہم کرتا ہے۔ سستے علاج کی فراہمی اور عالمی و علاقائی سطح کے مطابق علاج کی لاگت ایران کے طبّی سیاحت کے اہم فوائد میں سے ایک ہے۔



## ☆طبّی سیاحت میں ایران کا اعزاز☆

۱۔خطے میں IVF تحقیق اور بانجھ پن کے علاج میں پہلا نمبر

۲۔دنیامیں بھر میں بانجھ پن کے علاج اور زچگی کے شعبے میں چوتھا نمبر

۳۔دانتوں کے علاج،خاص طور پر کاسمیٹک دندان سازی میں 12واں نمبر

۴۔دل اور رگوں سے متعلق بیماریوں کے علاج کے شعبہ میں (مشرق وسطی کی بنیاد پر) دنیاکے سرفہرست 10 ممالک میں شامل

۵۔کاسمیٹک طریقہ کار کی تعداد کے حساب سے دنیامیں 10ویں نمبر

۶۔ بحیرہ روم کے مشرقی ممالک میں اسکریننگ، آپٹو میٹری اور امراض چشم کے علاج و معالجے میں پہلا نمبر

۷۔ نیورولوجی کے شعبے میں 200 ممالک میں 27ویں نمبر پر

۸۔ بالوں کی پیوند کاری اور بحالی میں عالمی معیار کا حامل

# ایران میں طبّی سیاحت کے اہم ترین مقامات



## ۱۔ تہران، مشرق وسطی میں دل علاج و معالجے کا مرکز




تہران اگرچہ ایران کے دارالحکومت ہے لیکن مختلف شعبوں میں ملک کا سب سے اہم طبّی مرکز میں شمار ہوتا ہے۔ مشرق وسطی کے امراض قلب کے ہسپتالوں اور دنیا کے امراض قلب کے پانچ/چھ بہترین ہسپتالوں میں سے ایک کی موجودگی کے باعث تہران شہر کو

مشرق وسطی میں امراض قلب کے حب کے طور پر جانا جاتا ہے۔رویان ریسرچ انسٹی ٹیوٹ بانجھ پن کی مختلف بیماریوں کے علاج کے سلسلے میں ایران کے اہم ترین مراکز میں شمار ہوتا ہے اور اس تحقیقی ادارے میں مختلف ممالک سے آنے والے جوڑوں کا علاج کیا گیا ہے۔امراض چشم کے علاج کا ہسپتال "نور" مشرق وسطی میں اپنے خصوصی ماہرین اور جدید آلات کے ساتھ آنکھوں کے علاج کا سب سے جدید مرکز بن گیا ہے۔اسی طرح دوران علاج آرٹ گیلریاں،جدید تفریحی مقامات، تجارتی مالز،تاریخی اور ثقافتی مقامات سیاح اور ان کے ہمراہ آنے والوں کیلیئے لطف اندوز ہونے کے مواقع فراہم کرتے ہیں

## ☆شیراز، مشرق وسطی میں جگر کی پیوندکاری کا مرکز



ایران کے جنوب میں واقع شیراز شہر طبّی سیاحت کا مرکزاور مشرق وسطی میں طبّی سیاحت کے سب سے مشہور مقامات میں سے ایک ہے۔اس میں ہر سال ہزاروں غیر ملکی مریض کو خیر مقدم کہا جاتا ہے۔اس شہر میں سہولیات سے لیس ہسپتالوں،ماہر اور خصوصی ماہر ڈاکٹروں کی موجودگی کے باعث اعضا کی پیوندکاری،امراض چشم،کاسمیٹک سرجری،امراض دل اور شریان کا علاج، بانجھ پن اور دیگر شعبوں میں تجربہ کار اور ماہر ڈاکٹروں کے ذریعے علاج و معالجے کی خدمات پیش کی جاتی ہیں۔اس کے علاوہ شیراز فارسی شعر و ادب اور تاریخی و ثقافتی لحاظ سے پرکشش مقامات اور باغات سے بھرپور شہر ہے جو فطرت اور تاریخ دونوں کا مظہر ہے اور یہ زمین پر جنت کے ٹکرے کی مانند ہے۔فن و تاریخی آثار سے بھرپور ایک آرام دہ ماحول میں علاج و معالجے کی سہولیات اور تجربات سے لطف اندوز ہونے کا موقع میسر آتا ہے۔

☆یزد، مشرق وسطی میں بانجھ پن کے علاج کا مرکز



یزد شہر ہمیشہ سے طب کے شعبے میں مختلف قسم کی نئ ٹیکنالوجی سے لیس خصوصی مراکز کی وجہ سے طب کے میدان میں ہمیشہ سے اہمیت کا حامل رہاہے۔ طبّی سیاحت میں ایران میں بانجھ پن کے علاج کا پہلا مرکزاور مشرق وسطی ہیں بانجھ پن کے علاج کی خدمات فراہم کرنے والے سب سے سستا مرکز کے طور پر معروف ہے۔اس مرکزہیں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبّی سہولیات جدید دنیا کی سائنس اور ٹیکنالوجی کے برابر برابر ہیں۔ کویت، عراق، متحدہ عرب امارات، آذربائیجان، پاکستان اور افغانستان کے سیاح ان سہولیات سے استفادہ کر چکے ہیں۔


☆ مشہد، کینسر کے علاج اور اعضا کی پیوند کاری کا مرکز




حالیہ برسوں میں، مشہد شہر ملک میں بین الاقوامی معیارات اور تجربہ کار طبّی عملے سے لیس اسپتالوں کے ساتھ کینسر کی بیماریوں کی روک تھام کیلئے تحقیق اور علاج کے علاوہ اعضا کی پیوند کاری مرکز بن گیا ہے۔ان طبّی خدمات کے علاوہ خوبصورتی اور علاج کی خدمات جیسے ہیئر ٹرانسپلانٹ، ناک اور آنکھوں کی سرجری اور بانجھ پن کا علاج بھی انتہائی معیاری سطح پر کیا جاتا ہے۔امام رضا علیہ السلام کے مرقد مطہر کی موجودگی کی وجہ سے مشہد شہر مذہبی سیاحت اور مذہبی وابستگی کا مرکز بھی ہے اور مسلمان ڈاکٹروں کے ساتھ روحانی وابستگی تحفظ اور اعتماد کا احساس پیدا کرتی ہے اور یہ طبّی سیاحت سے وابستہ لوگوں کی طرف سے مشہد مقدس کو منتخب کرنے کے اہم ترین عوامل میں سے ایک ہے۔

## ☆ایران کے سرحدی صوبے

### ا۔ سیستان وبلوچستان




اس صوبے میں سفری وسیاحتی خدمات فراہم کرنے والی 2 کمپنیاں ہیں جن کے پاس غیر ملکی مریضوں کی مہمانی کی اجازت ہے اور دو ہسپتالوں پاس طبّی سیاحت کیلئے آنے والے سیاحوں کے علاج ومعالجے کے حوالے سے اجازت یافتہ ہیں بالخصوص سرحد سے متصل ممالک افغانستان، پاکستان، عمان کے علاوہ عراق، وسطی ایشیا، متحدہ عرب امارات اور افریقہ سے امراض چشم، امراض قلب اور امراض نسواں کے علاج کے لیے آتے ہیں۔ اس کے علاوہ تفتان اور بزمان کے علاقے میں گرم معدنی چشموں کی موجودگی نے اس صوبے کو صحت سے متعلق سیاحوں کے لیے طبّی سیاحت کا ایک مرکز بنادیا ہے۔



## ۲۔ خوزستان

IPD شعبے کے ساتھ 11 سرکاری اور نجی ہسپتال اور سفری اور سیاحتی خدمات فراہم کرنے والے 6 دفاتر طبّی سیاحت کے شعبے میں خدمات سرانجام دینے کیلیئے لائسنس یافتہ ہیں اور یہ عراق، متحدہ عرب امارات، عمان، کویت اور خلیج فارس کے دیگر ممالک سے طبّی سیاحت کیلیئے آنے والے سیاحوں کی میزبانی کرتے ہیں۔

## ۳۔ جنوبی خراستان

یہاں IPD شعبہ کے حامل دو ہسپتالوں اور ایک ہائیڈروتھراپی کمپلیکس (آبی علاج کا مرکز) موجود ہیں جہاں افغانستان سے خاص طور پر امراضِ قلب، اعضا کی پیوند کاری، نیورولوجی اور نیوروسرجری کے شعبوں میں علاج کیلیئے آنے والے طبّی سیاحوں کی منزل ہے۔



## ۴۔ایلام

طبّی سیاحت کے لائسنس یافتہ سفری اور سیاحتی خدمات فراہم کرنے والی 3 فعال کمپنیوں، پی ڈی کوڈ کے ساتھ ایک ہسپتال ہوٹل، عربی اور انگریزی زبان روانی مسلط عملہ، طبّی سیاحوں کے استقبال کے لیے بنیادی سہولیات سے مجہز گرم پانی کا کمپلیکس اور 7 سیاحتی دیہات اور عراق کے ساتھ طویل ترین مشترکہ سرحد ہونے کے باعث عراق سے آنے والے طبّی سیاحوں کا مرکز ہے جہاں عراق سے امراض چشم، کاسمیٹک سرجری اور دیگر امراض کے علاج معالجے کیلئے طبّی سیاح جوق در جوق آتے ہیں

## ۵ ۔ ہرمزگان

بین الاقوامی معیار کے آئی پی ڈی لائسنس کے حامل 3 طبّی مراکز اور ہسپتالیں، دو سیاحتی اور ہائیڈروتھراپی کمپلیکس عمان، قطر، بحرین اور متحدہ عرب امارات سے آنے والے سیاحوں کو طبّی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ رشتے داری اور ثقافتی وابستگیوں کے باعث بانجھ پن وآنکھوں کے امراض کے علاج اور کاسمیٹک سرجری اور دیگر بیماریوں کے علاج و معالجے کیلئے اس صوبے میں سفر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ عرصہ دراز سے موجود گرم چشمے اور مکران کے ساحل سمندر کے آتش فشاں قطریوں، عمانیوں اور خلیج فارس کے دیگر ممالک کے لوگوں کیلئے پسندیدہ ہیں۔



## ۶۔ گیلان


آئی پی ڈی لائسنس کے حامل 6 ہسپتالوں اور طبّی سیاحت کے شعبے ہیں سفری خدمات فراہم کرنے والے 5 کے دفاتر کے باعث آذر بائیجان، عراق، افغانستان، لبنان، عمان اور اردن طبّی سیاحوں کی ایک منزل ہے جہاں خاص طور پر امراض چشم کے علاج، قلبی امراض، زچگی اور آرتھوپیڈکس اور کاسمیٹک سرجری ک شعبوں میں علاج کے لیے رجوع کرتے ہیں۔ طبّی سیاحت کے لائسنس یافتہ ہسپتالیں اور طبّی مراکز روایتی یا متبادل علاج و معالجہ کی خدمات کے شعبے میں بھی فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ قدرتی مناظر، قدیم فطرت اور 8 معدنی چشموں کا حامل گیلان کا سفر بھی فطرت تھراپی اور لطف اندوزی کے علاوہ موجود گرم چشموں اور تالاب سے جلد اور ہڈیوں کی بیماریوں اور گٹھیا کے علاج کے لئے قدیم زمانے سے یہ علاقہ طبّی سیاحوں کی توجہ اور دلچسپی کا مرکز رہا ہے۔

## ۷۔ مشرقی آذر بایجان

30 اسپتالوں کے حامل مشرقی آذر بایجان جن میں سے 11 ماہر اور فاضل طبّی عملہ اور بین الاقومی سیاحوں کی میزبانی کیلئے انفراسٹرکچر کے حامل ہسپتال ہیں جہاں آذر بائیجان، نخچیوان، آرمنستان، یوکرین، ترکی اور عراق سے دندان سازی، امراض قلب، سانس، تب دق اور جگر کے امراض میں مبتلا مریض علاج کیلئے آتے ہیں۔

## ۸ ۔ شمالی خراسان

ایک خصوصی سرجری مرکزاور عام سرجری کی خدمات کیلیئے خصوصی کلینک، کاسمیٹک سرجری کی جملہ اقسام، آنکھ، ناک، امراض نسواں کی سرجری، دندان سازی اور جلدی امراض کیلیئے شفابخش خصوصیات کے حامل 3 گرم اور معدنی چشموں، موثر شفایابی کی خصوصیات کی حامل مختلف انواع واقسام کی جڑی بوٹیوں کی ادویات اور قدیم قدرتی مناظر نے صوبے کو طبّی سیاحوں کے مرکز میں تبدیل کر دیا ہے۔



## ۹۔ مازندران

غیر ملکی مریضوں کی میزبانی کیلیئے تین فعال طبّی مراکز جو کہ بانچھ پن، عورتوں کیلیئے کاسمیٹک سرجری اور اسی طرح ایک قیام گاہ اور ہائیڈرو تھراپی سینٹر، لاریجان، رامسر اور آمل میں معدنیات سے بھرپور اور شفابخش گرم چشمے جن میں سرخ، نارنجی اور پیلے رنگ کے مختلف رنگ اور انوکھا مناظر کے حامل "باداب سورت" کے چشمے بھی شامل ہیں جو معدنیات اور شفابخش خصوصیات کے ساتھ ساتھ منفرد اور پرکشش قدرتی مقامات نے اس صوبے کو خلیج فارس، دولت مشترکہ اور یورپ کے ممالک کیلیئے طبّی سیاحتی مرکز میں تبدیل کر کھا ہے۔

## ۱۰۔ کردستان

آئی پی ڈی لائسنس یافتہ 12 ہسپتالوں، سرجیکل مراکز اور طبّی سیاحت کیلیئے خدمات فراہم کرنے کے لائسنس کے حامل 7 طبّی سیاحت کے حوالے سے خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں، ٹورازم انفارمیشن آفس سمیت مختلف قسم کی ادویاتی پودے، معدنی چشموں اور قدیم مناظر فطرت کا حامل ہونے کے باعث عراقی کردستان کے علاقوں سے اعصابی اور دل کی بیماریاں، نیورولوجی، ای این ٹی، امراض چشم، ناک کی پلاسٹک سرجری اور ایبڈومینوپلاسٹی کے شعبوں میں علاج و معالجے کے لئے آتے ہیں۔

## ۱۱۔ کرمانشاہ

یہ صوبہ آئی پی ڈی یونٹ کے حامل 9 ہسپتالوں اور سیاحوں کو سفری و طبّی سیاحتی خدمات پیش کرنے والے 5 دفاتر کے ساتھ عراق سے آنے والے مریضوں کو عام سرجری، ارتھوپیڈیکس، دماغ اور اعصاف کی سرجری، گائناکالوجی، قرنیہ چشم کی پیوندکاری، کاسمیٹک سرجری، امراض چشم کا علاج، ای این ٹی اور امراض قلب و شریانوں اور گردے کی بیماریوں کے علاج کے سلسلے میں خدمات فراہم کر رہا ہے۔

## ۱۲۔ گلستان

آئی پی ڈی لائسنس یافتہ دو ہسپتالوں اور منفرد آب و ہوا اور موسم گرما گزارنے کیلیئے بالائی علاقوں میں سیاحتی گائوں اور 115 ایکولاجز اور اسی طرح طبّی سیاحت کے حوالے سے پیشہ ورانہ لائسنس کے حامل سیاحتی خدمات فراہم کرنے والی 5 کمپنیاں، افغانستان، قازقستان، عمان اور عراق کے طبّی سیاحوں کی توجہ اس صوبے کی طرف مبذول کرنے کی وجہ ہیں جو دوطرفہ سائنوسائٹس، ہرنیا، لمف نوڈس، ناک کی سرجری اور پیٹ کے جملہ امراض کے علاج و معالجے کیلیئے طبّی سیاحت کے مواقع سے استفادہ کرتے ہیں۔

## ۱۳۔ اردبیل

یہ صوبہ 4 آئی پی ڈی لائسنس یافتہ طبّی مراکز کے ساتھ ساتھ روایتی علاج معالجے کے مرکز، 110 معدنی چشموں کے ساتھ ساتھ صوبے کے مختلف حصوں میں بین الاقوامی خدمات کے ساتھ 34 جدید ہائیڈرو تھراپی کمپلیکس سے بھی مستفید ہے نیز قدیم قدرتی مناظر موسم گرماہیں سیاحتی گائوں کی منفرد آب وہوا خاص طور پر موسم بہار اور اور گرمیوں سے لطف اندوز ہونے کیلئے

آذربائیجان، عراق، قزاقستان، عمان، ترکیہ، سوڈان، اسٹریلیا، سری لنکا، اور اٹلی سے دل اور شریانوں کی پیوند کاری، مختلف قسم کے کینسر کی بیماریوں، آرتھوپیڈیکس، دندان سازی، دماغ اور اعصاب کی سرجری، بانجھ پن، امراض چشم اور سیل تھراپی کیلئے اس صوبے کا رخ کرتے ہیں۔

## ۱٤۔ مغربی آذربایجان

آئی پی ڈی لائسنس یافتہ 10 طبّی مراکز اور ہسپتالیں، طبّی سیاحتی خدمات فراہم کرنے کی صلاحیت سے بھرپور 7 علاقے جن میں ہائیڈرو تھراپی (آبی علاج)، مڈ تھراپی (کیچڑ سے علاج)، سینڈ تھراپی

(ریت سے علاج)، مساج تھراپی اور سالٹ تھراپی شامل ہیں کے علاوہ ایک طبّی سیاحتی گائوں، 17 رہائشی مراکز اور 9 ایکوٹورازم رہائش یونٹ، سفری اور طبّی سیاحتی خدمات فراہم کرنے والے پیشہ ورانہ لائسنس یافتہ 11 دفاتر، گوناگوں قسم کے ادویاتی پودے، حسین اور آرام دہ فطرت، پہاڑیں، دریا، آبشاریں اور جنگلات کے کنارے موجود طبّی اور روایتی علاج و معالجے کے مراکز آذربائجان، عراقی کردستان کے علاقوں، ترکیہ اور ارمنستان اور دیگر ممالک سے ہیئر ٹرانسپلانٹ، امراض چشم، امراض دل

اور شریان، اطفال، آرتھوپیڈکس، یورولوجی، دماغ اور اعصاب، ای این ٹی، کینسر اور خون شناسی، تعمیراتی سرجری، جگر اور معدہ، کاسمیٹک سرجری، بانجھ پن، گائناکالوجی سمیت دیگر طب کے دیگر شعبوں میں علاج معالجے کیلئے آنے والے طبّی سیاحوں کی میزبانی کیلئے علاج و معالجے کی سہولیات کی فراہمی کیلئے تیار ہیں۔

## ☆ تندرستی اور شفا بخش سیاحت

ہمارا ملک (ایران) اپنے جغرافیائی اور موسمی تنوع، منفرد اور قدرتی طور پر بے نظیر مناظر سے معمور سرزمین ہے جس کے شمال میں بحیرہ کیسپین کے خوبصورت ساحلوں سمیت، جنوب میں خلیج فارس اور دریائے عمان، شمال میں وسیع ہیرکانی جنگلات سے لے کر جنوبی ساحل پر مینگرو کے جنگلات مغرب میں پہاڑی علاقے اور "صحرائے لوت" کے وسط اور مغربی حاشیہ میں منفرد صحرائی علاقے، انٹرنیشنل پولز، غاریں اور آبشاریں اور معدنی چشمے یہ وہ تمام عوامل ہیں جس کے باعث ہر قسم کے سیاح جو صحت مند رہنے، روزمرہ کی زندگی کے تناو اور پریشانیوں سے چھٹکارا پانے اور قدرت کی شفا بخش قوت سے ہر دم لطف اندوز ہونے کیلئے ایسی مقامات کے متلاشی ہیں، یہاں کا رخ کرتے ہیں اور ہمارا ملک ہر وقت ایسے سیاحوں کو ہر قسم کی سہولیات بہم پہنچانے کیلئے تیار ہے۔

## ☆ایران میں طبّی سیاحت اور نیچر تھراپی کے فوائد



### ۱۔ معدنی چشمے

ایران کے بیشتر علاقوں میں سینکڑوں گرم اور ٹھنڈے معدنی پانی کے چشمے موجود ہیں۔ایران میں موجود یہ گرم چشمے جیو کیمیکل تنوع کے حامل ہیں جو اعصابی درد کو دور کرنے اور ذہنی تسکین، گٹھیا، جوڑوں کے درد، پٹھوں کا کھچاؤ سمیت جلدی بیماریوں کے علاج کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔علاج و معالجے کے ساتھ ساتھ ان چشموں کا قدرتی مناظر، معتدل اور موزوں آب و ہوا کے حامل علاقوں میں موجودگی، روایتی اور جدید رہائش کی سہولیات اور مختلف خدمات کے باعث ہر سال بہت سارے سیاح ان علاقوں کا سفر کرتے ہیں اور ان قدرتی مناظر اور طبّی سیاحت کے مواقع سے مستفید ہوتے ہیں۔

سبلان پہاڑ کے دامن میں واقع سیاحتی شہر "سرعین"، معدنی پانی کے وافر چشموں کی وجہ سے، ایران میں گرم پانی اور اور ہائیڈرو تھراپی (آبی علاج) کا مرکز ہے، اس شہر میں درجنوں معدنی گرم چشمے موجود ہیں جن کا منبع سبلان پہاڑ ہے۔

مازندران صوبے کا معدنی پانی (منرل واٹر)، قدرتی طور پر پرکشش اور صحت کے حوالے سے پورے ملک پہلے نمبر پر ہے۔رامسر کے گرم اور معدنی چشموں میں الریحان اور سرخ، نارنجی اور پیلے رنگ کے مختلف رنگوں کے حامل "باداب سورت" کے رنگ برنگے اور بے

مثال چشموں سے مختلف بیماریوں کی روک تھام اور علاج کیلیئے لوگ رجوع کرتے ہیں۔ صوبہ مرکزی کے مختلف محلے جو کہ ایران میں پھولوں اور پودوں کا دار الخلافہ سے معروف ہیں اسی طرح بوشہر صوبہ میں اھرم، صوبہ ایلام میں دھلران اور صوبہ سستان و بلوچستان میں تفتان اور بزمان کے علاقے معدنی اور گرم چشموں اور قدیم قدرتی مناظر پر مبنی خوبصورت سواحل اسی طرح مشرقی آذر بائجان میں کلیبر، صوبہ لرستان میں دلفان، بندر عباس اور مغربی آذر بائیجان 46 معدنی اور گرم چشموں کے ساتھ ہائیڈروتھراپی (آبی علاج) کی فہرست میں شامل ہیں۔

## ☆نمک کے غار اور سالٹ لیک



ارومیہ سالٹ لیک اور نمک کے غاروں کا وجود بشمول گرمسر نمک غار، نمک خور آبشار اور صحرائے اصفہان کی موجودگی کے باعث ہمارا ملک سالٹ تھراپی، سانس کی بیماریوں اور جلدی امراض کے علاج کیلیئے طبّی سیاحوں کیلیئے موزوں مقام بن گیا ہے۔ جھیل ارومیہ میں 102 بڑے اور چھوٹے جزیرے موجود ہیں جو کہ بحر مردار کے بعد دنیا کی دوسری سب سے بڑی نمکین جھیل ہے۔ اس جھیل کی ساحلی پٹی، اس میں موجود نمکیات، کیچڑ جلدی امراض، گٹھیا کے علاج کیلیئے موثر جانا جاتا ہے اور ہر سال ملکی و غیر ملکی سیاحوں کی میزبانی کی جاتی ہے جو علاج، تفریح اور اس جھیل کے قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہونے کیلیئے سفر کرتے ہیں۔

## ☆بحیرہ کیسپین، خلیج فارس اور بحیرہ عمان کے ساحل

ملک کے شمال میں بحیرہ کیسپین کے ساحلوں اور جنوب میں خلیج فارس اور بحیرہ عمان کے نیلے ساحلوں نے طبّی سیاحت کے میدان میں ہمارے ملک کو نمایاں مقام دلایا ہے جس میں صحت اور مدافعتی نظام کو فروغ دینے میں مدد کرنا، پٹھوں کو مضبوط کرنا اور تناو کو دور کرنا اور سمندر کے نایاب عناصر کو جذب کرنا اور گرم پانی میں تیراکی کے ذریعے مختلف امراض سے نجات حاصل کرنا

(Balneo therapy)، ساحل سمندر کے پانی پر چہل قدمی اور گرم ریت پر لیٹ جانا(Psammo therapy) کیچڑ سے علاج(lime therapy29) شمسی علاج(Helio therapy) شامل ہیں۔

## ☆ریگستان

علاج اور تفریحی صلاحیتوں کے حامل ایران کے صحرائوں جیسے سینڈ تھراپی (ریت سے علاج) اور سن تھراپی (شمسی علاج) اور مراقبہ، ستاروں سے بھرے آسمان کا مشاہدہ اور صحرا کی سیر اور تفریحی سہولیات جیسے اونٹ کی سواری، سفاری، زیپ لائن بہت سے سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ صوبہ کرمان کے ریگن ریجن میں واقع دنیا کے سب سے بڑے ریت کے ٹیلے طبّی سیاحت کے میدان میں ایک منفرد کشش رکھتے ہیں جہاں ریت میں سو کر سیاح صحرائی ریت کی گرمی کو بتدریج جذب کرتے ہیں جو کہ جلد اور جوڑوں کی بیماریوں کے علاج میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ صحرائے مصر، صحرائے مرنجاب، صحرائے حیلوان، صحرائے لوت ہیلو تھراپی (سورج کے علاج) کی صلاحیت کے ساتھ (اس صحرا میں سورج کی کرنوں کی شفابخش خصوصیات اس کے آسمان میں اوزون کے تہہ میں سوراخ نہ ہونے کی وجہ سے ہے) متین آباد کے صحرا میں پہلا قدرتی کیمپ ہے۔ صحرائے زردگاہ، جسے ایران کا سبز ترین صحرا کہا جاتا ہے۔ صحرائے ورزانہ ایران کا سب سے بڑا صحرائی تفریحی مقام کے حامل صحرا، صحرائے ریگ زرین ایران کے خوبصورت ترین ریت کے ٹیلوں میں سے ایک ہے۔ شہداد کا صحرا بہتی ریت اور حیرت انگیز مظاہر کا حامل ہے۔ اونچے کلپس جو سالوں سال سے پانی اور ہوا کے کٹاو سے وجود میں آئے ہیں۔ گندم بریان کا ریگستان زمین پر گرم ترین جگہ کے طور پر جانا جاتا ہے جہاں آتش فشانی کے مخروطے، ریت کے اونچے اہرام، سرمئی اور ریت کے بھورے ٹیلوں پر مشتمل بڑے صحرا موجود ہیں جو ایران کے خوبصورت ترین ریگستانوں میں سے ایک ہے۔



☆ابلتے کیچڑ

کیچڑ کا بہاو یا ابلنا ایک قدرتی عمل ہے جس میں زیر زمین کیچڑ اور پانی چشموں کی شکل میں زمین کی سطح تک پہنچتا ہے اور ایک جگہ جمع ہونے سے چھوٹے اور بڑے مخروطے وجود میں آتے ہیں ان میں معدنی اور نامیاتی مواد کی موجودگی کی وجہ سے یہ مختلف بیماریوں مثال کے طور پر جلدی امراض، خون کی نالیوں کی بندش، جوڑوں کے درد، کمر درد کے علاج اور پٹھوں کی جکڑن کے لیے علاج کے موثر اور مفید طریقہ سمجھا جاتا ہے۔ دنیا کے تقریبا 800 ابلتے کیچڑ میں سے نصف سے زیادہ بحیرہ کیسپین اور بحیرہ عمان کے گرد واقع ہیں۔ ان ابلتے کیچڑ میں سے "پیر گل خاش" ایران کے واحد غیر ساحلی اور سطح مرتفع پر واقع ابلتا کیچڑ ہے یہ بذات خود ٹھنڈ ہونے کی وجہ سے منفرد اور تعجب انگیز بھی ہے اس کے علاوہ صوبہ سیستان و بلوچستان کے مکران کے ساحل پر واقع ابلتے کیچڑ، دیگر قدرتی مناظر اور خوبصورتی سیاحوں کیلئے پرکشش اور یادر ہنے والے ہیں۔ روایتی طب (حکمت) اور ادویاتی پودیا یرانی میں حکمت کے ذریعے علاج کی تاریخ کئی ہزار سال پرانی ہے اور یہ علمی اور تجرباتی بنیادوں کے مطابق ہے۔ یہ ابن سینا، رازی، جرجانی و غیرہ جیسے عظیم بزرگوں کی کاوشوں کا نتیجہ ہے، جو تقریبا آٹھ صدیوں تک مغرب اور مشرق کی معروف میڈیکل یونیورسٹیوں یں ان سائنسدانوں کا ڈنکا بجتا رہا ہے۔





ایرانی روایتی طب (حکمت) صحیح طریقے سے بیماری کی شناخت اور مناسب علاج فراہم کرنے کے لئے، جسم کے تمام حصوں کی صحت، جینیات، حالات زندگی، ذہنی خصوصیات، عمر کے حالات، جغرافیہ کو سامنے رکھ کر مریض کے توازن میں خلل ڈالنے والے عنصر کی تلاش اور مریض کا جسمانی توازن سب کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ علاج کے لیے پہلے مرحلے میں انسان کے طرز زندگی اور خاص طور پر غذائیت کو درست کیا جاتا ہے اور پھر جڑی بوٹیوں سے علاج اور حجامہ اور مالش وغیرہ کے مختلف طریقے علاج کے دیگر اصول ایرانی حکمت (روایتی طب) میں شامل ہیں۔ ادویاتی خواص رکھنے والے اور خوشبودار پودوں کی کاشت ہمیشہ سے ایرانی روایات کا حصہ رہی ہے۔ ایران دنیا میں شناختہ شدہ 13 علاقوں میں سے 11 علاقوں سے برخوردار ہونے کے باعث ادویاتی پودوں کے تنوع کے لحاظ سے ایک خاص مقام کا حامل ہے اور آب وہوا کے تنوع کے مطابق ایران میں پودوں کی 8 ہزار سے زائد اقسام کی نشاندہی ہو گئی ہے۔ 2300 سے زیادہ اقسام ادویاتی پودوں کی ہیں اور 1727 اقسام ایران کے مقامی علاقوں میں موجود ہیں جو کہ طبّی علاج اور عرق نکالنے اور جڑی بوٹیوں کے مرکبات والی گولیوں میں استعمال ہوتی ہیں۔ حجامہ کا طریقہ علاج قدیم دور سے مختلف بیماریوں کے علاج کیلئے استعمال ہوتا رہا ہے موجودہ دور ہیں ملک بھر کے بعض طبّی مراکز اور کلینکس میں حجابہ کے ذریعے علاج کیا جاتا ہے۔

خانہ فرہنگ سفارت اسلامی جمہوریہ ایران ۔ راولپنڈی